EXTRA ORDINARY ISSUE

REGISTERED No. L-7532

# The Punjab Gazette

PUBLISHED BY AUTHORITY

LAHORE MONDAY OCTOBER 28, 2024

## GOVERNMENT OF THE PUNJAB
## LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS DEPARTMENT

### NOTIFICATION
### (155 of 2024)

**25 OCTOBER 2024**

Notification No.SOT(M&M)5-12/2003/VIII, dated 21.10.2024 issued by the Mines and Minerals Department, is hereby published in the Punjab Gazette (Extraordinary) for general information:



CamScanner

"GOVERNMENT OF THE PUNJAB
MINES & MINERALS DEPARTMENT
Dated Lahore the 21st October, 2024

# NOTIFICATION

No. SOT (M&M)5-12/2003/VIII: **Whereas,** a reference regarding approval of Terms and Conditions for the open auction of Limestone blocks, as mandated under Rule 187 of the Punjab Mining Concession Rules, 2002, was received from the Director General, Mines and Minerals, vide letter dated 15.10.2024.

2. **And, Whereas,** under rule 187 of rules ibid, the approval of Terms and Conditions is essential for conducting the open auctions of Limestone blocks.

3. **And, Whereas,** the Secretary Mines and Minerals approved the submitted Terms and Conditions. For ready reference, the relevant Rule 187 (2) is reproduced as under:

> ***2. The terms and conditions of competitive bidding or sealed tenders under sub-rule (1) shall be notified by the Secretary.***

4. **NOW THEREFORE,** the Secretary, Mines and Minerals Department, Punjab, in exercise of powers under section 187 (2) of the Punjab Mining Concession Rules, 2002, hereby approves the following comprehensive Terms and Conditions for the public advertisement notice of open auctions on limestone blocks, effective immediately and to remain in effect until further revision:

| | |
|---|---|
| یہ کہ رقبہ جات " جہاں ہیں جیسے ہیں" اور لائسنسنگ اتھارٹی/محکمہ کے پاس دستیاب معلومات کی بنیاد پر نیلام عام میں پیش کئے جا رہے ہیںلہٰذا بولی دہندگان بولی دینے سے قبل رقبہ جات کے بارےمیں محکمہ کی ویب سائیٹ (www.mnm.punjab.gov.pk) پر موجود معلومات اور ان میں موجود معدن کی مقدار و معیار کے بارے میں اپنی تسلی کر لیں بعد ازاں کسی بھی مجاز اتھارٹی و عدالت کے پاس معدن کی مقدار یا معیار کے بارے میں محکمہ ہذا کے خلاف ان کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ مزید کسی قسم کی معلومات کے لیے دفتری اوقاتِ کار میں زیرِ دستخطی یا متعلقہ سیکرٹری ضلعی نیلام کمیٹی / (متعلقہ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر / ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز) کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ | .1 |
| (i) دلچسپی رکھنے والے فرد/ افراد/فرموں /کمپنی کومحکمہ معدنیات کےضلعی دفاتر میں نیلامی کی تاریخ سے کم از کم ایک دن قبل تک دفتری اوقات میں اپنی رجسٹریشن کروانی ہو گی۔ سیکرٹری ضلعی نیلامی کمیٹی رجسٹریشن کی معلومات کو مخفی رکھے گا اور نیلامی شروع ہونے سے پندرہ منٹ قبل نوٹس بورڈ پر رجسٹریشن لسٹ کو چسپاں کرے گا۔ | .2 |

| | |
|---|---|
| | (ii) رجسٹریشن کے لیے قومی شناختی کارڈ، انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفیکٹ، فرم رجسٹریشن بمعہ شراکت نامہ، کمپنی کی صورت میں آرٹیکل و میمو رینڈم آف ایسوسی ایشن کی تصدیق شدہ کاپیاں اور رجسٹریشن فیس مبلغ -/ 20،000 روپے (نا قابل واپسی) بھی جمع کروانا ہو گی جو کہ ہر سال مبلغ 5،000 روپے(ناقابلِ واپسی) فیس کے ساتھ قا بل تجدید ہو گی- مزید ازاں اگر رجسٹر یشن کی معیاد ختم ہونے کے ایک ماہ تک رجسٹریشن کی مزید تجدید نہ کروائی گئی تو رجسٹریشن منسوخ /ختم تصور کی جائے گی-<br>(iii) نیلامی سے قبل مبلغ-/ 100,000 روپے بذریعہ سی ڈی آر/پے آرڈر بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز، پنجاب بطور زر ضمانت (قابل واپسی) جمع کروانا ہو گی -<br>(iv)مزید ازاں سرکاری واجبات کے نادہندگان/بلیک لسٹ افراد نیلام عام میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوںگے- |
| .3 | نیلامی شروع ہونے سے قبل شرائط نیلام پڑھ کر سنائی جائیں گی تمام رجسٹرڈ بولی دہندگان پر لازم ہے کہ وہ شرائط نیلام کو اچھی طرح سے سن، پڑھ کر بطور قبولیت ان پر اپنے دستخط ثبت کریں- پٹہ کی بولی اشتہار میں مشتہر شدہ Reserve Price سے شروع کی جائے گی-نیلام کمیٹی رقبہ کی نیلامی کے بعد کامیاب بولی دہندہ کا اعلان کرے گی-اوراس سے پرت نیلام پر دستخط کروائے گی- دستخط نہ کرنے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائے گا اورمحکمہ کی جانب سے اسکی تمام ادا شدہ رقوم ضبط کر لی جائیں گی- |
| .4 | سب سے زیادہ بولی دہندہ مجموعی بولی کا زر پنجم (20%) موقع نیلام پر بمعہ مجوزہ شرح انکم ٹیکس شیڈولڈ بنک کی طرف سے جاری شدہ پے آرڈر/سی ڈی آر/ڈیمانڈڈرافٹ بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز، پنجاب(سرکاری حیثیت میں) جمع کروانے کا پابند ہو گا-<br>نوٹ: دوران نیلام، نیلام کمیٹی اگر مناسب سمجھے تو بولی کی سنجیدگی کو برقرار رکھنے کے لئے خواہشمند بولی دہندگان سے بولی کا کوئی حصّہ پے آرڈر/سی ڈی آر/ڈیمانڈ ڈرافٹ کی شکل میں اپنے پاس جمع کروانے کے لئے کہہ سکتی ہے جو کہ بولی کے اختتام پرسوائے سب سے زیاد ہ بولی دہندہ کے قابلِ واپسی ہو گا- |
| .5 | لائسنسنگ اتھارٹی کو معقول وجہ کے ساتھ بولی منظور یا نا منظور کرنے کا اختیار ہو گا- معقول وجہ کو تحریر میں لانا ہو گا- |
| .6 | بولی منظور ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کو منظوری کا مراسلہ جاری ہونے کے پندرہ یوم کے اندر مجموعی بولی کا15% بطور زر ضمانت جمع کر وانا ہوگا ناکامی کی صورت میں مراسلہ قبولیت واپس لے لیاجائے گا اور اس کی قبل ازیں جمع کروائی گئی زر پنجم رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی- کامیاب بولی دہندہ نکاسی معدن کے ہدف کو ڈویلپمنٹ سکیم کے مطابق پورا کرنے کا پابند ہو گا- اگربغیر وجہ کوئی پٹہ دار پٹہ سے ڈویلپمنٹ سیکم کے مطابق نکاسی معد ن نہ کرے گا تو قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی- |
| .7 | بولی کی بقیہ رقم چار (04)سالانہ مساوی اقساط میں بمعہ مجوزہ شرح انکم ٹیکس الا ٹمنٹ مراسلہ میں تحریر شدہ تواریخ پر یا اس سے قبل ادا کرنا ہو گی- اگر پٹہ دار ایسا کرنے میں ناکام رہا تو لائسنسنگ اتھارٹی کو پٹہ منسوخ کرنے اور قبضہ بحق سرکار حاصل کرنے کا اختیار حاصل ہو گا- مزید ازاں یہ کہ قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی- |
| .8 | پٹہ جات کی ابتدائی مدت پانچ (05) سال ہو گی جو کہ ٹیکنیکل ایکسپرٹ کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں سیکرٹری معدنیات کی طرف سے مقرر کردہ اضافی شرح اور طریقہ کار پر لائسنسنگ اتھارٹی کی منظوری کے بعد متناسب زرنیلام کی ادائیگی اور دیگر شرائط زیر قاعدہ 134 کے تحت مزید پانچ سال کے لئے قابل تجدید ہو نگے- |
| .9 | پٹہ دار پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ، 2002 (حصہ سمال سکیل مائننگ ) اوران میں وقتا فوقتاکی گئی ترامیم اور گورنمنٹ کی جانب سے وقتا فوقتا جاری کی گئیں ہدایات ، پالیسی اور شرائط نیلام کے مطابق رقبہ میں کام کرنے کا پابند ہو گا- |

| | |
|---|---|
| .10 | یہ کہ پٹہ دار مائنز ایکٹ ۱۹۲۳ ء کے رولزو ریگولیشن کی بھی خلاف ورزی نہیں کرے گا، نیز چیف انسپکٹر آف مائنزپنجاب کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کی گئی ہدایات پر عمل کرنے کا پابند ہو گا۔ مزید براں پٹہ دار پر تمام مروجہ قوانین کی پابندی لازم ہو گی۔ |
| .11 | پٹہ دار پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ، 2002 کے قاعدہ نمبر 141 کے تحت نکاسی معدن پر رائلٹی ادا کرنے کاپابند ہو گا۔ |
| .12 | یہ کہ کامیاب بولی دہندہ تمام اقسام کے ٹیکس ہائے جو حکومت پاکستان ، حکومت پنجاب، لوکل اتھارٹی ، کاپوریشنز یا لوکل باڈیز کی طرف سے عائد ہوں گے ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ |
| .13 | یہ کہ اگر کسی وقت بھی اس بات کا علم ہو گیا کہ رجسٹریشن کے سلسلہ میں پٹہ دار کی جانب سے جمع کروائے گئے دستاویزات جعلی،بوگس تھے تو پٹہ دار کو عطا کیا گیا پٹہ منسوخ کر دیا جائے گا اوراس کی جانب سے جمع کروائے گئے زر نیلام اور سیکورٹی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور اسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گادیگرسرکاری واجبات کے نادہندہ معلوم ہونے پر بھی یہی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ |
| .14 | ایسے رقبہ جات جن کی نیلامی پر کسی مجاز اتھارٹی یا عدالت کی طرف سے حکم امتناعی ہو گا ان کو اتھارٹی یا عدالت کی طرف سے حکم امتناعی کے اخراج پر آئند ہ تاریخ پر نیلام کیا جائے گا۔ |
| .15 | پہلی تاریخ پر بولی وصول نہ ہونے یا کسی دیگر وجوبات کی وجہ سےنیلام نہ ہونے کی صورت میں معدنی رقبہ اگلی تاریخ پر نیلام کیا جائے گاتاریخ نیلامی پر سرکاری تعطیل ہوجانے کی صورت میں نیلامی اگلے روز منعقد ہوگی۔ |
| .16 | بولی دہندہ انفرادی/فرم/لیمیٹڈ کمپنی کی صورت میں ایک ہی ضلع کی حدود میں بالترتیب زیادہ سے زیادہ 4:3:2 پٹہ جات حاصل کر سکتا ہے۔ |
| .17 | پٹہ دارعطاشدہ پٹہ جا ت /بلاکس میں سے نکاسی پتھر Environmental Protection Agency, Punjab کی طرف سے فراہم کردہ Environmental Protection Standards کے مطابق کرنے کا پابندہو گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں پٹہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ |
| .18 | کامیاب بولی دہندہ کو دی ہوئی بولی کی منظوزی کی صورت میں ورک آرڈر کے اجراء کے ساتھ محکمہ ما حولیات کی طرف سے متعلقہ رقبہ زیر پٹہ کی منظور شدہ IEE/EIA رپورٹ کے مطابق شرائط و ضوابط جو کہ پٹہ نامہ کے ساتھ لف کی جائنگی اور بولی دہندگان بوقت نیلام عام تصدیق ملاحظہ و منظور کرنے کے پابند ہونگے اور انکی مکمل پابندی کرنا ہو گی خلاف ورزی کی صورت میں پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 اور محکمہ ما حولیات کے متعلقہ نا فذالعمل قواعد و شرائط کے مطابق کاروائی عمل میں لا ئی جا سکتی ہے۔ |
| .19 | بولی دہندگان /لیز ہولڈر کی طرف سے کوئی بھی بے بنیاد قانونی چارہ جوئی یا حقائق کومسخ کرکے پیش کرنے یا غلط بیانی کرنے کے نتیجے میں بولی دہندگان /لیز ہولڈر کے خلاف بلیک لسٹنگ کی کاروائی ، پہلے سے جمع بولی کی رقم اور سیکورٹی ضبطگی وغیرہ اور لیز معاہدہ منسوح ہوسکتا ہے۔ |
| .20 | یہ کہ پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ کینٹ ضلع اٹک کی ملکیتی زمین میں پائے جانے والے لائم سٹون کے بلاکس حوالے سے مذکورہ کمپنی پٹہ داران سے صرف اور صرف پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 کی شق نمبری 143 کے تحت مالکانہ وصول کرنے کی مجاز ہے۔ |
| .21 | پٹہ کی منسوخی کی صورت میں پٹہ دار کو رقبے کا قبضہ فوری طور پربحق سرکار بذریعہ لائسنسنگ اتھارٹی یا اس کے مجاز نمائندہ کے حوالے کرنا ہو گا۔ |
| .22 | بولی دہندگان و پٹہ داران لائسنسنگ اتھارٹی کےفیصلہ کی ترسیل کےتیس(30) یوم کےاندر اندر ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈمنرلز ، پنجاب لاہور کے پاس زیر قواعدمعدنی مراعاتی قوانین مجریہ ، 2002 کے تحت اپیل دائر کر سکتے ہیں ۔ |

CamScanner

**SECRETARY**
GOVERNMENT OF THE PUNJAB
MINES AND MINERALS DEPARTMENT"

---

**(MUHAMMAD ASIF BALAL LODHI)**
**SECRETARY**
Government of the Punjab
Law and Parliamentary Affairs Department

CamScanner